# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 21 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ علوم واختراعات کے سبب عالمی سطح پر بھارت کی نئی شناخت بن رہی ہے: مرکزی وزیر اشونی وَیشنو کا داؤوس میں اظہارِ خیال۔

☆ عالمی اقتصادی فورم میں کل بھی ریاستی حکومت کے مختلف کمپنیوں کے ساتھ مفاہمتی معاہدے۔

☆ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن۔

☆ لاڈکی بہن یوجنا کے استفادہ کنندگان کی آنگن واڑی سیویکاؤں کے ذریعے شخصی جانچ کرنے کی ہدایت۔

☆ معذوری صداقت نامے کا غلط استعمال کرنے کے معاملے میں ناندیڑ ضلع پریشد کے 7 اساتذہ معطل۔

اور۔۔۔☆ بیڈمنٹن کھلاڑی سائنا نہوال کا ریٹائرمنٹ کا اعلان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

مرکزی وزیرِ اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ علوم واختراعات کے باعث بھارت عالمی سطح پر ایک نئی شناخت حاصل کررہا ہے۔ وہ کل، سوئٹزرلینڈ کے داؤوس میں منعقدہ عالمی اقتصادی فورم میں ذرائع ابلاغ سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ تمام شعبوں میں بھارت کے نئے اقدامات پر داؤوس میں بھی ستائش کی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Information Minister Ashwini Vaishnav**

اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس بھی موجود تھے۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ کل بھی ریاستی حکومت نے مختلف کمپنیوں کے ساتھ مفاہمتی معاہدے کیے۔ ریاستی حکومت اور برکلے کی کیلیفورنیا یونیورسٹی کے مابین پالیسی مفاہمتی معاہدہ کیا گیا۔ پانچ برس کے اس معاہدے سے ممبئی میٹروپولیٹن، میٹروپولیٹن منصوبہ بندی اور شہری تبدیلیوں کو مضبوط بنانے کیلئے تعلیمی اور تحقیقی تعاون میں مدد ملے گی۔

جہاز سازی کے میدان میں یومن کمپنی کے ساتھ بھی کل ریاستی حکومت نے مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔ یہ کمپنی ایک ہزار 50 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری سے رتناگری میں جہاز سازی کی صنعت قائم کرے گی۔ جس سے ڈیڑھ ہزار سے زائد روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ عالمی سطح پر اقتصادی اُمور میں متحرک رہنے کیلئے داؤوس کانفرنس اہم ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Chief Minister Devendra Fadnavis**

اسی دوران جدید نوعیت کی ریلوے خدمات مہیا کرنے والی کمپنی کراس ریل کے چیف ایگزیکیٹو افسر پال ڈائسن سے کل وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ملاقات کی۔ بعدازاں' وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ اس ملاقات کے دوران عالمی صنعت کی تغیر پذیر صورتحال اور مستقبل میں حمل ونقل کے شعبے میں ریلوے کے کردار سے متعلق تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن ہے۔ کل' ان کاغذات کی جانچ ہوگی اور 27 جنوری تک نامزدگیاں واپس لی جاسکتی ہیں۔ اسی دن امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کرکے ان میں انتخابی نشان تقسیم کیے جائیں گے۔ تین فروری کی درمیانی شب تک امیدوار اپنی تشہیر کر سکتے ہیں اور پانچ فروری کو صبح ساڑھے سات تا شام ساڑھے پانچ بجے کے درمیان رائے دہی عمل میں آئے گی۔ ہر ووٹر کو ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کیلئے دو ووٹ ڈالنے ہوں گے۔

ان انتخابات کیلئے چھترپتی سمبھا جی نگر میں شیوسینا اور بی جے پی کے درمیان انتخابی اتحاد ہوگیا ہے۔ بی جے پی کے ضلع صدر کشور شیتوڑے نے یہ اطلاع دی۔ تاہم' سلوڑ تعلقے میں شیوسینا تنہاء الیکشن لڑے گی۔ سلوڑ کے رکنِ اسمبلی عبدالستار نے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔

دریں اثناء' ونچت بہوجن آگھاڑی' کانگریس اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی نے بھی انتخابی اتحاد کرلیا ہے۔ سابق قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے صحیفہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ ضلع کی بیشتر نشستوں پر اتفاقِ رائے ہوگیا ہے۔

اسی دوران چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کی 63 ضلع پریشد اور 126 پنچایت سمیتیوں کیلئے کل تک 34 امیدواروں نے اپنی درخواستیں داخل کی ہیں اور ایک ہزار 326 درخواست فارم خریدے گئے ہیں۔

دھاراشیو ضلع میں ضلع پریشد' پنچایت سمیتی انتخابات کیلئے 8 تعلقوں سے ضلع پریشد کی 55 نشستوں کیلئے 260 اور 110 گرام پنچایتوں کیلئے 259 نامزدگیاں داخل کی گئی ہیں۔ ضلع میں اب تک مہایوتی اور مہاوِکاس آگھاڑی کی جانب سے نشستوں کی تقسیم پر اب تک کوئی تصفیہ نہیں ہوسکا۔

***** ***** *****

دھنگر ریزرویشن کیلئے آزاد میدان پر احتجاج کی اجازت سے متعلق عرضداشت پر فوری سماعت کرنے سے ممبئی عدالتِ عالیہ نے انکار کردیا ہے۔ عدالت نے یاددہانی کروائی کہ گذشتہ برس مراٹھا ریزرویشن کیلئے منوج جرانگے پاٹل کو آزاد میدان پر ایک دن کے احتجاج کی اجازت دی گئی تھی لیکن وہ چھ دن تک وہاں بیٹھے رہے۔ علاوہ ازیں' کارکنوں کے زیرِ استعمال آنے والے میدان کے حصے کو صاف کرنے کی ہدایت بھی کی گئی تھی لیکن یہ جگہ صاف نہ کرتے ہوئے کارکن چلے گئے اور میونسپل کارپوریشن کو یہ صفائی کرنا پڑی۔ یہ دلائل دیتے ہوئے عدالت نے کہا کہ اس درخواست پر فوری سماعت نہیں کی جاسکتی۔ کیونکہ احتجاجی مظاہرہ تو کبھی بھی کیا جاسکتا ہے۔ اس عرضداشت پر آئندہ سماعت اب 28 تاریخ کو ہوگی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہن یوجنا کے مستفیدین کی علاقائی سطح پر آنگن واڑی سیویکاؤں کے ذریعے براہِ راست شخصی جانچ کرنے کی ہدایت ریاست کے تمام ضلع کلکٹروں کو دی گئی ہے۔ اس اسکیم سے استفادہ کرنے کیلئے E-KYC کرتے وقت بوگس متبادل منتخب کیے جانے کی بات سامنے آنے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست کے 9 اہم کپاس پیدا کرنے والے اضلاع میں زراعت کو فروغ دینے کیلئے گودریج ایگرو ویٹ کمپنی نے دیہی روزگار مشن کے ساتھ ابتدائی معاہدہ کیا ہے۔اس کا فائدہ ناگپور، امراوتی، ایوت محل، واشم، پربھنی، جلگاؤں، بیڑ، آکولہ اور ناندیڑ اضلاع کے کم و بیش پانچ ہزار خواتین کاشتکاروں کو ہوگا۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں منعقد ہونے والے ’’ہند دی چادر‘‘ میلے کو عالمی سطح پر پہنچانے کیلئے تمام اداروں کو مربوط اور منصوبہ بند طریقے سے کام کرنے کی ہدایت ریاست کی اقلیتی اُمور کی مملکتی وزیر مادھوری مساڑ نے دی ہے۔سکھ مذہب کے نوویں گروشری تیغ بہادر کی ساڑھے تین سوویں برسی کے حوالے سے اس ہفتے کے اواخر میں یہ پروگرام ہوگا۔کل بذریعۂ ٹیلی فون مساڑ نے اس پروگرام کی تیاریوں کا جائزہ لیا اور پروگرام میں مقامی افراد کو شرکت کی ترغیب دی۔

اسی دوران اس پروگرام کے سلسلے میں جالنہ میں آج گاندھی چمن تا شیواجی چوک ایک ریلی نکالی جائیگی۔

***** ***** *****

معروف مؤرخ رام پنیانی نے کہا ہے کہ ہندوستانی تہذیب میں رواداری اور برداشت فطری طور پر موجود ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں وہ کل ویویکانند لیکچر سیریز سے خطاب کررہے تھے۔ہندوستان کی غلامی کی تاریخ پیش کرتے ہوئے انھوں نے عام بیانیے کی تصحیح کی۔انھوں نے کہا:

**Byte: Professor Ram Pniyani**

اس لیکچر سیریز کا اختتام آج معروف دانشور اپوروانند جھا کے خطاب سے ہوگا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پریشد کے ابتدائی تعلیم کے محکمے میں برسرِ کار سات اساتذہ کو معذوری صداقت نامے کا غلط استعمال کرنے پر چیف ایگزیکٹیو افسر میگھنا کاوَلی نے سنگین بدعنوانی قرار دیتے ہوئے معطل کردیا۔دورانِ معطّلی ان اساتذہ کو نجی کاروبار کرنے سے بھی منع کیا گیا ہے اور ان کا ہیڈ کوارٹر تبدیل کرکے انھیں دیگر پنچایت سمیتیوں میں بھیج دیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بلاک ایجوکیشن افسران کو ان کے خلاف اندرونِ دو دن فردِ جرم عائد کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔

***** ***** *****

اولمپکس میں تمغہ حاصل کرنے والی بیڈمنٹن کھلاڑی سائنا نہوال نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔گھٹنے میں تکلیف کے باعث گذشتہ دو برسوں سے سائنا نہوال کھیل کے میدان سے دور ہیں۔لیکن فی الحال اس عارضے میں اضافے کے باعث انھوں نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔سائنا نے 2012 کے لندن اولمپکس میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔

***** ***** *****

موسم: ریاست میں کل سب سے کم درجۂ حرارت 11 ڈگری سیلسیئس ایوت محل میں درج کیا گیا۔اس کے بعد ناسک میں 11 اعشاریہ چار اور جلگاؤں میں 11 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔مراٹھواڑہ کے دھاراشیو میں 13 اعشاریہ چار ڈگری، ناندیڑ میں 14 اعشاریہ دو اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں 14 اعشاریہ چار ڈگری درجۂ حرارت درج کیا گیا۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ علوم واختراعات کے سبب عالمی سطح پر بھارت کی نئی شناخت: مرکزی وزیر اشونی وَیشنو کا داوَوس میں اظہارِ خیال۔

☆ عالمی اقتصادی فورم میں کل بھی ریاستی حکومت کے مختلف کمپنیوں کے ساتھ مفاہمتی معاہدے۔

☆ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن۔

☆ لاڈکی بہن یوجنا کے استفادہ کنندگان کی آنگن واڑی سیویکاؤں کے ذریعے شخصی جانچ کرنے کی ہدایت۔

☆ معذوری صداقت نامے کا غلط استعمال کرنے کے معاملے میں ناندیڑ ضلع پریشد کے 7 اساتذہ معطل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****